## Maulana Azad National Urdu University

**M.A. (Economics) : I Semester Examination, February 2022**

**Paper : MAEC102DST : Economics of Demography**

**پرچہ : آبادیاتی معاشیات**

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

1. خصوبت (Fertility) کی پیائش کے مختلف طریقے بیان کریں۔
2. ہندوستان میں زچگی شرح اموات (Maternal Moretality) کو کم کرنے کے لیے اقدامات تجویز کریں۔
3. آبادیاتی منافع (Demographic Dividend) کے تصور پر تبادلہ خیال کریں۔
4. متوازن آبادی کے نظریے (Theory of Optimum Population) کا تنقیدی جائزہ لیں۔
5. ہندوستان میں جنسی تناسب (Sex Ratio) کم ہونے کی وجوہات بیان کریں۔
6. خصوبت کے حیاتیاتی عوامل (Biological Determinants) کیا ہیں؟
7. دیہی علاقوں سے شہری علاقوں کی طرف ہجرت کی وجوہات بیان کریں۔
8. نقل مکانی (Migration) کی مختلف اقسام بیان کیجیے۔
9. بڑھتی آبادی کے ماحولیاتی نقصانات کیا ہیں؟
10. اہم اعداد و شمار (Vital Statistics) کیا ہیں؟

## حصہ دوم

11. آبادیاتی اعداد و شمار (Demographic Data) کے مختلف ذرائع کیا ہیں اور ان میں سے کون سا زیادہ قابل اعتماد ہے؟
12. ہندوستانی آبادی کے تناظر میں آبادیاتی منتقلی نظریہ (Theory of Demographic Transition) کی وضاحت کریں۔
13. مالتھس کے آبادیاتی نظریہ کا تنقیدی جائزہ لیں۔
14. لی کے ہجرت کے نظریے (Lee's Theory of Migration) کی وضاحت کریں۔
15. بڑھتی ہوئی آبادی معیشت کے لیے اثاثہ (Asset) اور بوجھ دونوں ہو سکتی ہے؟ وضاحت کریں۔

☆☆☆